# 21258 - ايام تشريق كي راتيں مني ميں بسر نہ كرنا

**سوال**

ميري گزارش ہے كہ مني ميں ايام تشريق كي راتيں بسر نہ كرنے كا حكم بيان فرمائيں ، اگر جواب يہ ہے كہ بسر نہ كرنے والے پر دم لازم آتا ہے تو كيا ہر رات كے بدلے ايك بكري ذبح كي جائے گي يا ايك ہي كافي ہے؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

جمہور فقہاء كرام كے ہاں ايام تشريق كي راتيں مني ميں بسر كرنا واجب ہيں، بغير كسي عذر كے مني ميں رات بسر نہ كرنے والے پر دم لازم آتا ہے ، اور رات بسر كرنےميں جمہور فقہاء يہ كہتے ہيں كہ رات كا اكثر حصہ مني ميں بسركرنا واجب ہے .

ديكھيں : الموسوعة الفقهية جلد ( 17 ) صفحہ ( 58 )

مني ميں ايام تشريق كي راتيں بسر نہ كرنے ميں تفصيل ہے:

پہلي حالت: كسي عذر كي بنا پر مني ميں رات بسر نہ كي جائے .

شيخ ابن باز رحمہ اللہ تعالي سےسوال كيا گيا : جوشخص مني ميں ايام تشريق كي راتيں بسر كرنے كي استطاعت نہ ركھے اس كا حكم كيا ہے ؟

توشيخ رحمہ اللہ تعالي كاجواب تھا : اس كےذ مہ كچھ لازم نہيں آتا كيونكہ اللہ تعالي كا فرمان ہے : حسب استطاعت اللہ تعالي كا تقوي اختيار كرو چاہے كسي مرض يا جگہ نہ ملنے يا كسي اورشرعي سبب كي بنا پر رات بسر نہ كي ہو مثلا پاني پلانے والے اورچرواہے يا جولوگ ان كے حكم ميں آتے ہيں .

دوسري حالت : اگرمني ميں ميں بغيركسي عذر كے رات بسر نہ كي جائے .

شيخ رحمہ اللہ تعالي كا كہنا ہے :

جس نے بھي مني ميں ايام تشريق كي راتيں بغير كسي عذر شرعي جو نبي كريم صلي اللہ عليہ وسلم كے قول يا فعل يا بعض عذر والوں كو رخصت دينے كي دلالت كےساتھ مشروع ہو مثلا پاني پلانے والے لوگ يا چرواہے , اور رخصت

عزیمت کے مقابلے میں ہوتي ہے اسي لیے مني میں ایام تشریق کي راتیں بسرکرنا علماء کرام کے صحیح قول کےمطابق حج کے واجبات میں شامل کي جاتي ہیں ، لھذا جس نے بھي بغیر کسي شرعي عذر کے مني میں رات بسر نہ کي اس پر دم لازم آتا ہے .

اس کي دلیل ابن عباس رضي اللہ تعالي عنھما کي حدیث ہے ( جس نے بھي کوئي عمل ترک کردیا یا بھول گیا اسے چاہیے کہ وہ قرباني کرے ) مني میں ایام تشریق کي راتیں بسر نہ کرنے پر ایک دم ہي کافي ہوگا .

دیکھیں : مجموع فتاوي الشیخ ابن باز رحمہ اللہ ( 5 / 182 )

اور یہ جانور مکہ میں ذبح کرکے وہاں کے فقراء ومساکین میں تقسیم کیا جائے گا .

اللجنۃ الدائمہ للبحوث العلمیۃ والافتاء , دیکھیں فتاوي اللجنۃ الدائمۃ ( 11/ 281 ) .

واللہ اعلم .